© rasailojaraid.com

# مطبوعات

**اسوۂ حسینی** | از جناب مولانا مفتی محمد شفیع صاحب ۔ شائع کردہ: کتب خانہ دارالاشاعت، بندر روڈ کراچی قیمت ۸/

اس کتاب کا موضوع نام سے ظاہر ہے اور تمہیدی سطور میں شہادتِ حسین کا اصل مقصد پوری طرح اجاگر ہو کر سامنے آجاتا ہے۔ واقعات کی تفصیل محققانہ اور اندازِ بیان ثقہ و محتاط ہے۔ یہ مختصر سی کتاب اس موضوع پر شانِ جامعیت رکھتی ہے اور جناب مؤلف کا علمی مرتبہ خود اس کتاب کے حق میں ایک بڑی سند ہے اسی لیے ہم نے تقاضائے ادب کے تحت کم سے کم الفاظ میں محض تعارف کرا دیا ہے۔

**نماز کی صورتیں** | از جناب محمد عبدالحی صاحب، بی ایس سی ایم اے بی ٹی ۔ شائع کردہ ادارۂ اشاعت سرحد، پشاور ۔ قیمت دو روپے۔

یہ کتاب مجموعہ ہے نمازوں میں پڑھی جانے والی مختصر سورتوں کا۔ سورتوں کے متن کے ساتھ اردو ترجمہ دیا گیا ہے۔ عام فہم انداز میں اچھی تشریح مطالب بھی کی گئی ہے۔ علاوہ بریں صرفی، نحوی اور تفسیری نکات حواشی کی صورت میں شامل کیے گئے ہیں۔ قرآن کے سمجھنے اور آیات کا مفہوم متعین کرنے کے اصول حضرت شاہ ولی اللہ کی "فوز الکبیر" اور مولانا حمید الدین فراہی کی "نظام القرآن" سے اخذ کیے گئے ہیں۔ مقدمہ میں نماز کو سمجھ کر پڑھنے کی اہمیت پر مؤلف نے خاصا زورِ قلم صرف کیا ہے۔ یہ کتاب عام افادیت کی حامل ہے۔

**کالج عربک گرامر اینڈ ٹرانسلیشن** | از جناب ایم ڈی چوہدری صاحب لکچرار، گورنمنٹ کالج لائل پور ۔ شائع کردہ کتابستان پبلشنگ کمپنی اردو بازار ۔ لاہور ۔ قیمت مجلد پانچ روپے۔

عربی گرامر کی یہ کتاب کالج کی منازل کے طلبہ کے لیے لکھی گئی ہے۔ صرف و نحو کے عام بنیادی قاعدے سادہ طریق سے سمجھائے گئے ہیں، مثالیں دی گئی ہیں اور سوالات اور ترجمتین کی مشقیں ہر سبق کے آخر میں درج ہیں۔ ساتھ ساتھ طلبا کی ضرورت کے مطابق فرہنگ بھی موجود ہے۔ اسما کی واحد جمع اور تذکیر و تانیث کی طویل فہرستیں بھی مؤلف نے مرتب کی ہیں۔ تقریباً تین صد اردو مصادر کے بالمقابل عربی مصادر مع مزیدی افعال،


© rasailojaraid.com